اردو ٹرانسلیشن آف چارٹر

رحم دلی کا اصول تمام مذہبی،اخلاقی اور روحانی روایات میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے جو ہمیں ترغیب دیتا ہے کہ ہم دوسروں کے ساتھ ہمدردی اور حسن سلوک سے پیش آئیں جیسا کہ ہم دوسروں کی طرف اپنے لئے چاہتے ہیں ۔

رحم دلی ہمیں یہ بھی ترغیب دیتی ہے کہ ہم انسانیت کے دکھوں کو دور کرنے کے لئے انتھک محنت کریں خودغرضی سے پرہیز کریں اور بلا امتیاز ہر فرد کے تقدس کا احترام مکمل انصاف ، مساوات اور وقار کے ساتھ کریں ۔

یہ بھی ضروری ہے کہ نجی اور پیشہ ورانہ زندگی میں دوسروں کو تکلیف دینے سے مکمل پرہیز کریں اور نفرت، کینہ پروری، بغض، تعصب اورذاتی مفاد کے لئے کسی زور اور دھونس کے ساتھ بات کرنا تاکہ دوسروں کوغربت میں دھکیل دیں، ان کا استحصال کریں یا ان کے بنیادی حقوق کو سلب کریں اور کسی کو(خواہ مخالف ہی کیوں نہ ہو) حقارت کی نظر سے دیکھنا انسانیت کی نفی ہے۔

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ہم رحم دلی کے ساتھ زندگی گزانے میں ناکام رہے ہیں اور دنیا میں چند ایسے عناصر بھی ہیں جو اپنے خود غرض عزائم کی خاطر انسانیت کی بربادی میں اضافہ کر رہے ہیں ۔

اس لئے ہم تمام خواتین و حضرات سے درخواست کرتے ہیں کہ مذہب اور اخلاق کے دائرے میں رحم دلی کو فروغ دیں ۔

کسی بھی نظریہ کی ایسی تشریح جو احسن نہ ہو اور تشدد، نفرت اور حقارت کو فروغ دے اسے مذہبی ارتقاء کے منافی سمجھیں۔ یہ یقینی بنایا جائے کہ نوجوان نسل کو دوسروں کی روایات،حقیقی ،مذہبی اور ثقافتی اقدار کے بارے میں درست اور مستند معلومات دی جائیں تاکہ ایک دوسرے کے ثقافتی اور مذہبی پہلوؤں کا مثبت طریقے سے احترام کیا جائے ۔

تمام انسانیت (چاہے مخالف کیوں نہ ہو) اس کی تکلیف کے ازالے کے لئے درست معلومات پر مبنی جذبے احساس انسانیت کو بیدار کیا جائے

یہ اشد ضروری ہے کہ اس منقسم دنیا میں ہم رحم دلی کو ایک واضح روشن اور متحرک قوت بنا دیں۔ ہم سیاسی،مذہبی اورثقافتی تعصب کے رویوں کو رحم دلی کی مدد سے ہی رد کرسکتے ہیں ۔

رحم دلی جو ہماری باہمی وابستگی سے پیدا ہوتی ہے انسانی رشتوں اور تکمیل انسانیت کے لئے لازم ہے یہ روشن خیالی کا راستہ ہے جو ایک منصفانہ اور پُر امن عالمی برادری کی تشکیل کے لئے ناگزیر ہے ۔

CHARTER FOR COMPASSION / PAKISTAN

one word holds **everything**.